نیوز ریلیز

# نسلی ثقافتی گرانٹس زیرِ عمل ہیں

08 اپریل، 2025ء میڈیا انکوائریز

## البرٹا کا نسلی ثقافتی گرانٹ پروگرام (Ethnocultural Grant Program) صوبے بھر میں کمیونٹی کے ذریعے چلنے والے کثیرالثقافتی پروگراموں کی مدد کرتا ہے۔

البرٹا کی حکومت ایک ایسے صوبے کی ترقی کو فروغ دینے کیلئے پُرعزم ہے جہاں تمام پسِ منظر رکھنے والے لوگوں کی قدر اور عزت و احترام کیا جاتا ہے۔ ایسے کرنے کا ایک طریقہ نسلی ثقافتی گرانٹ پروگرام کے ذریعے سے ہے جو متحرک اور خیرمقدم کرنے والی کثیر الثقافتی کمیونٹیوں کی مدد کرتا ہے۔ بجٹ 2025ء ثقافتی تنوع اور مقامی ثقافتوں کا جشن منانے اور ان کی مدد کرنے کے ساتھ ساتھ ثقافتی علم اور افہام و تفہیم کو فروغ دینے کیلئے تین سالوں میں 12 ملین ڈالر فراہم کرتا ہے۔

"البرٹا متحرک، کثیرالثقافتی کمیونٹیوں سے بھرا ہوا ہے، اور یہ گرانٹس کمیونٹی کی قیادت میں منعقد کئے جانے والے پروگراموں میں مدد کرتی ہیں جو بہت سے نسلی ثقافتی گروپوں کو اپنے منفرد ورثے کو البرٹنز کے ساتھ شیئر کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ کثیرالثقافتی زیرِ عمل ہے۔"

**محمد یٰسین** *(Muhammad Yaseen)، امیگریشن اور کثیرالثقافتی کے وزیر*

2024ء - 2025ء کے مالی سال کیلئے تازہ ترین اِن ٹیک (intake) میں، البرٹا کے نسلی ثقافتی گرانٹ پروگرام نے 140 کمیونٹی گروپوں کو قریب قریب 5 ملین ڈالر کی گرانٹ فنڈنگ فراہم کی تاکہ بین الثقافتی آگاہی اور افہام و تفہیم کو فروغ دینے والے پروگراموں میں مدد دی جا سکے۔

نسلی ثقافتی گرانٹ پروگرام فنڈنگ بہت سی اہم کمیونٹی تنظیموں اور پروگراموں میں مدد دیتی ہے جو البرٹا کی متنوع کثیرالثقافتی کمیونٹیوں کی نمائش کرتے اور ان کا جشن مناتے ہیں۔ یہ پروگرام بین الثقافتی کمیونٹی کی شمولیت کو فروغ دینے کیلئے تنظیموں کو منصوبے تیار کرنے اور ان کا نفاذ کرنے میں مدد دیتا ہے، اور ایسے پروگراموں میں سرمایہ فراہم کرتا ہے جو ثقافتی تحفظ، سماجی انضمام اور کمیونٹی کی ترقی میں مدد دیتے ہیں۔ ان پروگراموں میں ثقافتی تقریبات، تعلیمی پروگرام اور کمیونٹی آؤٹ ریچ سرگرمیاں شامل ہو سکتی ہیں جو ثقافتی خلاؤں کو پُر کرنے اور ایک مضبوط، اور زیادہ جامع معاشرے کو فروغ دینے میں مدد کرتی ہیں۔

*بجٹ 2025ء تعلیم اور صحت میں مسلسل سرمایہ کاری کرکے، خاندانوں کیلئے کم ٹیکسز، اور معیشت پر توجہ دے کر البرٹا کو درپیش چیلنج کا مقابلہ کر رہا ہے۔*

## فوری حقائق

- البرٹا بھر میں کثیرالثقافتی کمیونٹیوں کا خیر مقدم کرنے کیلئے کمیونٹی کی زیرِ قیادت پروگراموں میں مدد کرنے کیلئے البرٹا کے نسلی ثقافتی گرانٹ پروگرام کے دو سلسلے ہیں۔
  - سلسلہ 1 ایسے پراجیکٹس کیلئے 50,000 ڈالر تک فراہم کرتا ہے جو نسلی ثقافتی اور مقامی گروپوں میں بین الثقافتی تعلقات کے مواقع پیدا کرتا ہے۔
  - سلسلہ 2 ایسے پراجیکٹس کو 15,000 ڈالر تک فراہم کرتا ہے جو تنوع کا جشن منانے کے مواقع پیدا کرتے ہیں۔
- گرانٹ کی درخواستوں کے سلسلے میں اگلی وصولی 2025ء کے موسمِ خزاں میں کھلنے کی توقع کی جاتی ہے۔

## متعلقہ معلومات

- نسلی ثقافتی گرانٹ (Ethnocultural grant)

## میڈیا انکوائریز

**نِیل سِنگھ (Neil Singh)**

780-422-3559
پریس سیکریٹری، امیگریشن اور ملٹی کلچرل ازم